بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

Email: guldastabahar@gmail.com

روزنامہ

گلدستہ بہار کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز جمعرات 20 اگست 2026ء / 6 ربیع الاول 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 221

حکومت عوام کو آسان ٹیکس نظام دینا چاہتی ہے اورنگزیب

تاجروں کو ہراساں نہیں کیا جائے گا، تاجروں کی خواہش تھی ٹیکس اسکیم کو آسان اور سادہ بنایا جائے، مشاورت سے آگے بڑھ رہے ہیں

بجٹ سازی اور ٹیکس پالیسی کی تیاری میں پارلیمنٹ اور متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے مشاورت ضروری ہے، حکومت ایسا نظام تشکیل دینا چاہتی ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نچھوٹے دکانداروں کے لیے ٹیکس اسکیم کا اجرا کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجروں کو ہراساں نہیں کیا جائے گا، تاجروں کی خواہش تھی کہ ٹیکس اسکیم کو آسان اور سادہ بنایا جائے، مشاورت سے آگے بڑھ رہے ہیں، بجٹ سازی اور ٹیکس پالیسی کی تیاری میں پارلیمنٹ اور متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے مشاورت ضروری ہے، حکومت ایسا نظام تشکیل دینا چاہتی ہے جس سے عوام کو سہولت ملے اور انہیں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انجمن تاجراں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بجٹ سکیم کو بہتر بنانے کیلئے مشاورتی عمل کو موثر بنایا (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اقوام متحدہ کا یمن سے حوثی گروپ کے سعودی عرب پر حملوں پر اظہارِ تشویش

حملوں سے یمن کا وسیع تر علاقائی محاذ آرائی میں مزید الجھنے کا خطرہ ہے، سیکریٹری جنرل انتونیو گوٹریس

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ نے یمن سے حوثی گروپ کے سعودی عرب پر حملوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے علاقائی تنازع بڑھنے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یو این سیکریٹری جنرل انتونیو گوٹریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد: مملکت صدر آصف علی زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری بھی موجود ہیں

بانی پی ٹی آئی کو جیل مینوئل کے مطابق علاج کی سہولتیں ملتی رہیں گی عطاء اللہ تارڑ

مسلم لیگ ن نے کبھی کسی کی صحت کے معاملے پر سیاست نہیں کی، علاج کے معاملے میں کسی قسم کا ابہام نہیں، صحت کا معاملہ سیاست سے الگ رہنا چا

حکومت معاملے کو سیاسی رنگ دینے کے بجائے آئین، قانون اور جیل مینوئل کے مطابق طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائے گی، طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو آئین اور قانون کے مطابق صحت کی تمام ضروری سہولتیں پہلے بھی فراہم کی جاتی رہی ہیں اور آئندہ بھی دستیاب رہیں گی۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے گفتگو میں عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے حوالے سے سپریم کورٹ کا فیصلہ سامنے آیا ہے، جس پر حکومت نظر ثانی کی درخواست دائر کرے گی، نجی ہسپتال میں علاج سے متعلق بھی نظر ثانی کی درخواست دائر کی جائے گی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے کبھی کسی کی صحت کے معاملے پر سیاست نہیں کی، تاہم تاریخ گواہ ہے کہ پی ٹی آئی رہنماؤں نے مسلم لیگ ن کی قیادت کی صحت کے معاملات کو سیاسی بحث کا موضوع بنایا۔ انہوں نے کہا کہ سب جانتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی کس طرح منہ پر ہاتھ پھیر کر کھانا بند کرنے کی بات کیا کرتے تھے، جبکہ مسلم لیگ ن کی قیادت نے کبھی بانی پی ٹی آئی کی صحت کے بارے میں کوئی بات نہیں کی۔ عطاء اللہ تارڑ نے واضح کیا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسلام آباد: چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نیول ہیڈ کوارٹرز میں کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

شام میں اسرائیلی حملے قابل مذمت ہے، پاکستان

پاکستان خطے میں امن و استحکام کیلئے شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کا حامی ہے

اسرائیل کو خطے کو غیر مستحکم کرنے والی کارروائیوں پر جوابدہ ٹھہرایا جائے، ترجمان دفتر خارجہ کا بیان

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے شام میں اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان شام کے خلاف اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے اور اس سلسلے میں ادلب میں ابو الظہور ایئربیس پر اسرائیلی قابض افواج کے بلا اشتعال حملے کو عالمی قانون کی کھلی خلاف ورزی قرار دیتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اشتعال انگیز اسرائیلی کارروائیاں علاقائی امن و استحکام کو مزید نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ پاکستان شامی عوام کے ساتھ غیر متزلزل (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک ملاقات کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کا دھرنا چوتھے روز میں داخل

عوام حکومتی پالیسیوں سے مایوس، ریاست اور عوام میں فاصلے بڑھتے جا رہے ہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (جی این ایم) جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے کراچی، لاہور، پشاور اور کوئٹہ میں پیٹرول کی قیمت 225 روپے فی لیٹر کرنے کے حوالے سے دھرنے چوتھے روز بھی جاری رہے۔ لاہور میں دھرنے کے مقام پر خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمان ملک گیر ہڑتال کا اعلان کرنے جا رہے ہیں تمام پاکستانی اپنے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ایس سی او اجلاس 2027 کی میزبانی، اسحاق ڈار کا تیاریوں پر اظہارِ اطمینان

ایس سی او اجلاس کیلئے اعلیٰ ترین معیار کے انتظامات یقینی بنائے جائیں، متعلقہ اداروں کو ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کی زیر صدارت شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) اجلاس 2027 کی تیاریوں سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس میں اجلاس کی میزبانی کیلئے جاری ترقیاتی، انفراسٹرکچر اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ایس سی او اجلاس کے سلسلے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹرالر اور موٹر سائیکل میں تصادم، دو افراد جاں بحق

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، لاشوں کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا، پولیس

وندر (یو این اے) وندر، کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ وندر کے قریب ٹرالر اور موٹر سائیکل میں ہولناک تصادم دو افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی MERC ریسکیو سینٹر 1122 کی ایمرجنسی ٹیم اور وندر پولیس جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

وزیر اعظم کی عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر ریلیف دینے کی ہدایت

جس قدر ممکن ہو عوام تک فوری ریلیف پہنچایا جائے، شہباز شریف کی سے وزیر پیٹرولیم سے ملاقات میں ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے وزیر پیٹرولیم کو فوری کراچی پہنچنے اور ایندھن کی قیمتوں کے حوالے سے عوامی ریلیف کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وزیر پیٹرولیم علی پرویز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بلاول بھٹو کی اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات اپوزیشن کو کمیٹیوں میں واپسی کی دعوت

اگر پارلیمان کو عزت دینی ہے تو پارلیمانی قائمہ کمیٹیوں کو فعال کرنا ہوگا، اپوزیشن کو قائمہ کمیٹیوں میں واپس آ کر اصلاحات کے عمل میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، امید ہے اپوزیشن جماعتیں اپنے فیصلے پر نظر ثانی کریں گی

علاج ہر قیدی کا حق ہے، بہتر ہوتا سپریم کورٹ کے فیصلے سے پہلے حکومت خود یہ قدم اٹھاتی ان کے مطابق حکومت کی جانب سے کسی آئینی ترمیم کا کوئی نکتہ ابھی ان کے سامنے نہیں آیا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمان کو فعال بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ پارلیمان کو عزت دی اور چاہتی ہے کہ پارلیمان مؤثر انداز میں اپنا کردار ادا کرے۔ وفاق دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ اگر پارلیمان کو عزت دینی ہے تو پارلیمانی قائمہ کمیٹیوں کو فعال کرنا ہوگا، اپوزیشن کو قائمہ کمیٹیوں میں واپس آ کر اصلاحات کے عمل میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، امید ہے اپوزیشن جماعتیں اپنے فیصلے پر نظر ثانی کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے الیکٹورل (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے امریکا کو مطالبات کی فہرست تھما دی

واشنگٹن (جی این ایم) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے امریکا کو مطالبات کی فہرست حوالے کر دی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

پٹرولیم سیکٹر کے گردشی قرض میں ایک سال میں 323 ارب کا اضافہ

اس گردشی قرضے میں پرنسپل رقم 1839 ارب جبکہ اس پر سود کی رقم 1772 ارب روپے ہے

اسلام آباد (اے این این) پٹرولیم ڈویژن کے گردشی قرضے کے خاتمے کیلئے وزارتِ پٹرولیم کی جانب سے ایک پلان تجویز کیا گیا جسے کابینہ کمیٹی برائے توانائی میں پیش کیا گیا۔ روزنامہ دنیا کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق پٹرولیم ڈویژن کا جون (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

محسن نقوی کا گارڈن ٹاؤن پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ

شہریوں کی لمبی قطاریں اور کئی گھنٹوں کے انتظار پر شدید برہمی کا اظہار، شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیے

لاہور (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاسپورٹ آفس گارڈن ٹاؤن کا اچانک دورہ کیا جہاں پاسپورٹ بنوانے کیلئے آنے والے شہریوں کی لمبی قطاریں اور کئی گھنٹوں کے انتظار پر وزیر داخلہ نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ دورے کے دوران متعدد کاؤنٹرز (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

ایک برس تک پاکستانی طالب علموں کیلئے گوگل جیمنائی کی سبسکرپشن مفت ہوگی، ولسن وائٹ

سہولت کا باضابطہ اعلان رواں ہفتے کے آخر میں متوقع، یہ تو صرف ابتدا ہے، گوگل کے نائب صدر کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) گوگل نے پاکستان میں اپنے پہلے مقامی دفتر کے قیام کے ساتھ اعلان کیا ہے کہ ایک برس تک پاکستانی طالب علموں کیلئے گوگل جیمنائی کی سبسکرپشن مفت ہوگی۔ گوگل کے نائب صدر ولسن وائٹ نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

فنی خرابی، اسلام آباد سے مدینہ جانے والی پرواز حادثے سے بال بال بچ گئی

پائلٹ نے کمال مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے طیارہ کراچی میں بحفاظت اتار لیا

کراچی (جی این ایم) پی آئی اے کی اسلام آباد سے مدینہ جانے والی پرواز کے طیارے میں دوران پرواز فنی خرابی پیدا ہوگئی، پائلٹ نے کمال مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے طیارہ کراچی میں بحفاظت اتار لیا۔ رپورٹ کے مطابق پرواز پی کے 713 کے طیارے کو کراچی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

جنگ کے دوران امریکا نے مذاکرات کی درخواست کی، ایرانی وزیر خارجہ

صدر پزشکیان کی سفارتی کوششوں نے مشکل حالات میں اہم کردار ادا کیا، عباس عراقچی

تہران (جی این ایم) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ جنگ کے دوران امریکا نے مذاکرات کی درخواست کی، صدر مسعود پزشکیان نے امریکی درخواستوں کو سنجیدگی سے لینے کا کہا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ صدر نے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری کو وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسگی محتسب فوزیہ وقار سالانہ رپورٹ 2025 پیش کر رہی ہیں

بلوچستان سے جلد دہشتگردی کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے گا صدر مملکت

بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کی بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوششیں ہر قیمت پر ناکام بنائی جائیں گی، صوبے میں امن و استحکام اور ترقی کے عمل کو ہر صورت جاری رکھا جائے گا

کوئٹہ / اسلام آباد (اے این این) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایوانِ صدر میں ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، انتظامی اور امن و امان کی صورتحال سمیت صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صدر مملکت کو صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور امن و امان کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان مؤثر رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

اسلام آباد: پرتگال کے سفیر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں 24 ستمبر تک توسیع

اسلام آباد (جی این ایم) بھارتی پروازوں کیلئے پاکستان کی فضائی حدود کی بندش میں 24 ستمبر تک توسیع کر دی گئی۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ضلع گوادر میں مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ چھ افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) ضلع گوادر میں مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ چھ افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کو اورماڑہ میں مکران کوسٹل ہائی وے پر گوادر سے کراچی جانے والے باؤزر اور گوادر سے تربت جانے والی گاڑی نمبر BJN-481 کے درمیان ٹکر کے نتیجے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اسلام آباد، سیالکوٹ میں بارشیں، 62 پروازیں تاخیر کا شکار

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد اور سیالکوٹ میں بارش کے باعث 62 پروازیں تاخیر کا شکار ہو گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق بدھ کو 44 ملکی اور غیر ملکی پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی کی 12، لاہور کی 13 اور اسلام آباد کی 18 پروازوں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

بانی پی ٹی آئی کو کل تک ہسپتال منتقل نہ کیا گیا تو توہین عدالت ہوگی: سلمان اکرم راجہ

مجھے نظر نہیں آتا، حکومت کی نظر ثانی درخواست کل تک سنی جائے گی، سیکریٹری جنرل پی ٹی آئی

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے آرڈر پر حکومت کے پاس کل تک کا وقت ہے، اگر عمران خان کو ہسپتال منتقل نہ کیا گیا تو توہین عدالت ہوگی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ مجھے نظر نہیں آتا، حکومت کی نظر ثانی درخواست کل تک سنی جائے گی، سپریم کورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

حج ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے واجبات کی پہلی قسط کی ادائیگی کا آغاز

اسلام آباد (اے این این) حج ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے عازمین حج کے واجبات کی پہلی قسط کی ادائیگی کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ عازمین حج کو ون لنک پی ایس آئی ڈی، بینک کارڈ اور مینول بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

اسرائیلی فوج کا غزہ پولیس کی چیک پوسٹ پر حملہ؛ 9 فلسطینی شہید اور 15 زخمی

غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملوں میں 1,250 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں

غزہ (اے این این) غزہ میں امریکا کی ثالثی میں قائم ہونے والے نام نہاد پیس بورڈ نے اب تک فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی کے کاموں کا آغاز تو نہ کیا لیکن اسرائیلی جارحیت میں معصوم فلسطینیوں کی شہادتوں کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے طیاروں نے غزہ میں شہری پولیس کے ایک مرکز پر بلا جواز بمباری کی جس میں 9 فلسطینی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

طالبان رجیم کے 5 سالہ قبضے کے دوران انسانی حقوق کی پامالیوں پر عالمی تشویش

طالبان رجیم میں افغانستان کے حالات دن بدن بگڑ رہے ہیں جو خطے کے استحکام کیلئے بھی خطرہ ہے، فرانس

پیرس (جی این ایم) طالبان رجیم کے 5 سالہ قبضے کے دوران افغانستان میں انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں پر عالمی برادری کی تشویش برقرار ہے۔ انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں، خواتین پر سخت پابندیوں اور دہشت گردوں کی سرپرستی کے باعث افغان طالبان رجیم عالمی سطح پر ایک ناپسندیدہ اور مطعون ریاست کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ فرانس نے افغان طالبان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

آبنائے ہرمز کی صورتحال پر غیر یقینی، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ

برینٹ خام تیل کی قیمت 26 سینٹ اضافے کے بعد 91.28 ڈالر فی بیرل ہوگئی

لندن (جی این ایم) آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی برآمدات کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال کے باعث عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل چوتھے روز اضافہ ہوگیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سرمایہ کار تہران اور واشنگٹن کے متضاد بیانات کا جائزہ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

قلعہ عبداللہ، میزئی اڈہ توت اڈہ کے قریب فائرنگ سے دو افراد شدید زخمی

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ہسپتال ذرائع

قلعہ عبداللہ (یو این اے) ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے میزئی اڈہ، توت اڈہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کی شناخت (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی، وفاقی حکومت کی فیصلے پر سپریم کورٹ میں نظر ثانی درخواست دائر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست سپریم کورٹ میں دائر کر دی۔ درخواست گزار چیف کمشنر اسلام آباد نے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

فیلڈ مارشل پیٹھ میں چھرا گھونپنے والے یا منافق نہیں ہیں، طلال چوہدری

اسلام آباد (جی این ایم) مسلم لیگ ن کے رہنما اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جب تک فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف کی جوڑی قائم ہے، ملک میں کسی قسم کی سیاسی یا غیر سیاسی سازش کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

نواز شریف اور مریم نواز سے سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی کی الوداعی ملاقات

لاہور (جی این ایم) مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے الوداعی ملاقات کی۔ سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی وزیر اعلیٰ آفس پہنچے جہاں ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

نان سیلری اور ڈویلپمنٹ فنڈز کی عدم فراہمی کے خلاف میونسپل کمیٹی وندر کی مکمل تالا بندی

حکومت فوری طور پر لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس بلا کر فنڈز جاری کرے، چیئرمین امام بخش برہ

وندر (یو این اے) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی جانب سے صوبے بھر میں لوکل کونسلز کے نان سیلری و ڈویلپمنٹ فنڈز کی بندش لوکل کونسل فنڈز کمیشن کا اجلاس منعقد نہ ہونے اور دیگر جائز مطالبات کی منظوری کے لیے دی جانے والی احتجاجی کال پر میونسپل کمیٹی وندر نے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پنجگور، پولیس کی کامیاب کارروائی، 24 گھنٹوں میں فٹبال گرانڈ ڈکیتی کے 4 ملزمان گرفتار

مسروقہ موبائل فونز، جمنی گاڑی اور پستول برآمد، دیگر ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری: ڈی پی او پنجگور

پنجگور (یو این اے) پنجگور پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی، 24 گھنٹوں کے اندر اسحاقیہ فٹبال گرانڈ حاجی غازی سوردو میں ڈکیتی کے ملوث 4 ملزمان گرفتار ڈی پی او پنجگور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کا ایم ایس فاطمہ جناح ہسپتال پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت

ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ہسپتالوں کی سیکیورٹی سخت کی جائے بصورت دیگر احتجاج کریں گے، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (یو این اے) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کی حدود میں ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر کمالان لچکی پر ہونے والے مبینہ قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری اور سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بولان، ایچ ون ٹیچ ون پروگرام کے تحت یونین کونسل نوشہرہ اور چھلگری میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب

تعلیم ہی ترقی کا واحد ذریعہ ہے، ناخواندگی کے خاتمے کے لیے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، مقررین

بولان (یو این اے) وزیر اعظم پاکستان کے Each One Teach One (EOTO) پروگرام کے تحت 6 اگست 2026 کو ضلع بولان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

حکومت چند دن کی مہمان قومی حکومت بنائی جائے جو الیکشن کرائے محمود اچکزئی

بانی پی ٹی آئی پاکستان کے مقبول لیڈر ہیں، بانی کی ہسپتال منتقلی اور رشتہ داروں کی ملاقات ان کا حق ہے

نظام کی بجائے چہرے بدلنے سے پاکستان یہاں تک پہنچا، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی و سربراہ پشتونخوا میپ

اسلام آباد (جی این ایم) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت چند دن کی مہمان ہے، ایک قومی حکومت بنائی جائے جو الیکشن کرائے۔ اپنے ایک بیان میں محمود خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی پاکستان کے مقبول لیڈر ہیں، بانی کی ہسپتال منتقلی اور رشتہ داروں کی ملاقات ان کا حق ہے، میں نورین نیازی سے نہیں ملا، ان کا کہنا تھا کہ حکومت چند دن کی مہمان ہے، نظام کی بجائے چہرے بدلنے سے پاکستان یہاں تک پہنچا۔ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ ایک قومی حکومت بنائی جائے جو الیکشن کرائے، قومی حکومت میں مولانا وزیر اعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

اسحاق ڈار کا ترک وزیر خارجہ سے رابطہ امن کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کی اہمیت پر اتفاق

نائب وزیر اعظم نے کستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر وزرائے خارجہ کے آئندہ علاقائی چار فریقی اجلاس میں شرکت کی دعوت دی قبول کر لی

چاروں ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں علاقائی صورتحال، امن و استحکام کے فروغ اور خطے میں تعاون بڑھانے کیلئے مشترکہ اقدامات پر بات چیت متوقع ہے، وزارت خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، جس میں حالیہ علاقائی صورتحال اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے جاری کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں ہونے والی تازہ پیشرفت پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور علاقائی امن و استحکام کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کی اہمیت پر اتفاق کیا۔ گفتگو کے دوران ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے اسحاق ڈار کو پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کے وزرائے خارجہ کے آئندہ علاقائی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بلوچستان سے اردو اور انگلش میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
ABC Certified
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر: کاشف مرتضیٰ قدوائی
ایڈیٹر انچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے فروغ روزنامہ گلدستہ بہار قمرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار

جیکب آباد میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے مولاداد تھانہ کی حدود چند شاخ کے قریب پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں پولیس نے ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے، پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت علی بخش کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس ٹی ٹی پستول برآمد کیا گیا ہے، پولیس کے مطابق مقابلے کے دوران گرفتار ملزم کے چار دیگر ساتھی موقع سے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے پولیس نے تعاقب کرتے ہوئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ جیکب آباد میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے مولاداد تھانہ کی حدود چند شاخ کے قریب پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں پولیس نے ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے، پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت علی بخش کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس ٹی ٹی پستول برآمد کیا گیا ہے، پولیس کے مطابق مقابلے کے دوران گرفتار ملزم کے چار دیگر ساتھی موقع سے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے پولیس نے تعاقب کرتے ہوئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 1

کرحلوں سے بچن کا مبتلج تر علاقائی عادت آرائی میں عزت ابھیخے کا خطرہ ہے۔ اسٹفین دوجارک نے کہا کہ مشرق وسطی تجارت اور تواوانی کی ترسیل بھی مشکلات کا بھی شکار ہے، بحری جنارانی کے خلاف حملے اور جمیلیاں بندھوئی جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ جنوبی اور اسوار تجویز عدن میں جنارانی کی آزادی برقرار رکھی جانی چاہیے، فریقین شیریں اور بنیادی شیری تحصیات کے تحفظ کا خیال رکھیں۔

بقیہ 2

جا رہا ہے، خطیف طبقات اور شعبوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی سازی کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہر طبقے کو ساتھ لے کر چلنا ناگزیر ہے، کسی ایک طبقے کو نظرانداز کرکے ملک کا نظام نہیں چلایا جاسکتا، 25 سے 26 کروڑ آبادی کے ملک کو آسان اور بہتر نظام فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جبکہ عوام کے لیے نظام کو آسان اور موثر بنانا حکومت کی بنیادی ترجیح ہے۔ وزیرخزانہ نے بتایا کہ چھوٹے کاروبار کے لیے ٹیکس سسٹم کو آسان اور اختیاری بنایا گیا ہے، چھوٹے کاروبار چاہیں تو اسٹیم کے بجائے معمول کے ٹیکس نظام میں رہ سکتے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ کاروباروں کے لیے ٹیکس میں چھوٹا ہتھ بدلیاں کی گئی ہیں اور چھوٹے کاروباروں اور دیگر کاروباری طبقات کے درمیان واضح تفریق رکھی گئی ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ ٹیکس نظام میں ہر طبقے کو ساتھ لے کر چلا جائے اور کسی طبقے کو شکایت نہ ہو۔ اس پر دوسرے طبقات کے مقابلے میں زیادہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ وزیرخزانہ نے کاروباروں اور اجیل کی کہا کہ دو طبقے ہمیں شامل ہیں جاتا ہے اور فائدہ اٹھائیں، جو لوگ سسٹم سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے، ان کے خلاف آئندہ ضروری اقدامات کیے جائیں گے، حکومت کا مقصد ہر کاروباری طبقے کو قومی ٹیکس دائرے میں لانا اور ٹیکس میں ہر طبقے کی شرکت یقینی بنانا ہے۔ ہی سسٹم کی کامیابی کیلئے متعلقہ سٹیک ہولڈرز کا تعاون بھی ضروری ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ تاجروں کی مشاورت سے مل کر آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہم پہلے بھی کئی مواقع استعمال کر چکے ہیں۔ یہ تاجروں کی اب دیرینہ خواہش رہی ہے کہ ٹیکس اسکیم کو آسان اور امیدوار بنایا جائے۔ اس اسکیم کے بارے میں ہم نے انہوں نے کہا کہ ایف بی آر اور پال کی کوشش رہی ہے کہ چھوٹے کاروباروں کیلئے آسانی پیدا کی جائے۔ تاجروں کو یقین دہانی ہوئی ہے کہ انہیں ہراساں نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی طبقہ کسی نظام میں نہ آنے کو وہ طلب نہیں بھی کہتے ہیں۔ موقع پر وزیرمملکت خزانہ بلال اظہر ایاز نے کہا کہ چھوٹے کاروبار موبائل فون ایپ کے ذریعے ٹیکس رجسٹریشن فائل کر سکتے ہیں۔ موبائل فون کے ذریعے ٹیکس ادا کیا جا سکتا ہے۔ اس اسکیم کے ذریعے پوائنٹ آف سیلز سے اسٹیٹی دیا جا سکے گا۔ چھوٹے تاجروں کو گرین پلیٹ جاری کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ جس دکان پر گرین پلیٹ آویزاں ہوگی، وہاں ایف بی آر اضرداخل نہیں ہوگا۔ چھوٹے کاروباروں کو 25 کروڑ روپے کم آمدنی کا اسٹیٹ ہے۔ گزشتہ 3 سالوں میں کسی بھی سال میں 20 کروڑ سے زیادہ کی سیل نہ ہو۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ تاجر برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ کامیابی تاجر برادری اور رہنمائی سے ممکن ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاجر برادری کی خدامت کے بعد اسکیم کو حتمی شکل دی گئی، چھوٹا تاجروں کے لیے تیار کردہ سکیم کا آج باقاعدہ عملی آغاز ہو گیا ہے۔ بلال اظہر کیانی کے مطابق کسی کا اعلان 5 جون کو وزیرخزانہ کی زیرصدارت تقریب میں کیا گیا ہے۔ کاشف بٹ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اس کے لیے تیاریوں کا آغاز کیا گیا۔

بقیہ 3

ہر قیدی کا حق ہے کہ اسے آئین اور قانون کے مطابق صحت کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔ پالی پی ٹی آئی کو پہلے بھی علاج اور طبی سہولتیں فراہم کرنا چاہیے تھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عوام آج حکومتی پالیسیوں سے مایوس ہیں، ریاست اور عوام میں فاصلہ بڑھتے جا رہے ہیں، جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کر رہی ہے۔ آج زراعت، صنعت اور تجارت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پٹرول 103 روپے لیوی سیمت 145 روپے فیکٹ میکسز عائد ہیں، وفاقی حکومت کے 28 محکمہ ہوچکے ہیں لیکن ڈیلور کسی کے عوام پر 22 سے زائد قرضہ روزانہ بڑھ رہا ہے، حکومتی اخراجات 42 ارب سے بڑھ کر ایک ہزار ارب سے بڑھ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکلی تھانہ کی مدد کے باوجود جاتا رہا ہے، صاحبزادہ الرحمن نے عجلی کا معاملہ اٹھایا تو سب نے اتفاق کیا، ہمارے ہاں سے حکومت نے آٹے کی پیٹ بھر کھائی ہے اور کچھ کے ساتھ بات کی، مکہران ایک مثالیں اور پروٹوکول چھوڑنے کی تیاریہ ہے جس کی وجہ سے آج لوگوں، کسان، طلبا اور والدین سب پریشان ہیں۔ نائب امیر نے کہا کہ جماعت اسلامی 25 کروڑ عوام کی آواز بنی ہے، ہم کوان کا خون چوسنے والے حکمرانوں کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے، حکومت روزانہ پٹرول کی قیمتیں بڑھا کر عوام کے ساتھ ظلم کر رہی ہے، پیٹرول معصومانہ کی قیمتوں میں گھٹ رہا ہے، ڈیزل کے ساتھ بھی دفاع کیا گیا ہے، حکومتی رویہ انتہائی ظالمانہ ہے، عوام کو بھیں کر رکھ دیا ہے۔

بقیہ 4

حقوق کے لیے دھرنوں میں شرکت کریں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل جماعت اسلامی نے آٹے کی پیٹر کے خلاف اسلام آباد میں دھرنا دیا، ہم نے 7 کسٹ کو مکہ بھر میں 510 مرکیں بند کیں، تاریخ میں پہلی مرتبہ پرامن جمہوری سیاسی مزاحمت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام آج حکومتی پالیسیوں سے مایوس ہیں، ریاست اور عوام میں فاصلہ بڑھتے جا رہے ہیں، جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کر رہی ہے۔ آج زراعت، صنعت اور تجارت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پٹرول 103 روپے لیوی سیمت 145 روپے فکٹیہ میکسز عائد ہیں، وفاقی حکومت کے 28 محکمہ ہوچکے ہیں لیکن ڈیلور کسی کے عوام پر 22 سے زائد قرضہ روزانہ بڑھ رہا ہے، حکومتی اخراجات 42 ارب سے بڑھ کر ایک ہزار ارب سے بڑھ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکلی تھانہ کی مدد کے باوجود جاتا رہا ہے، صاحبزادہ الرحمن نے عجلی کا معاملہ اٹھایا تو سب نے اتفاق کیا، ہمارے ہاں سے حکومت نے آٹے کی پیٹ بھر کھائی ہے اور کچھ کے ساتھ بات کی، مکہران ایک مثالیں اور پروٹوکول چھوڑنے کی تیاریہ ہے جس کی وجہ سے آج لوگوں، کسان، طلبا اور والدین سب پریشان ہیں۔ نائب امیر نے کہا کہ جماعت اسلامی 25 کروڑ عوام کی آواز بنی ہے، ہم کوان کا خون چوسنے والے حکمرانوں کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے، حکومت روزانہ پٹرول کی قیمتیں بڑھا کر عوام کے ساتھ ظلم کر رہی ہے، پیٹرول معصومانہ کی قیمتوں میں گھٹ رہا ہے، ڈیزل کے ساتھ بھی دفاع کیا گیا ہے، حکومتی رویہ انتہائی ظالمانہ ہے، عوام کو بھیں کر رکھ دیا ہے۔

بقیہ 5

تجنیق کا اظہار کرتا ہے اور شام کی خودمختاری، علاقائی سلیت، امن اور خوشحالی کیلئے عظیم حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ ترجمان کے کہا کہ کا عالمی برادری اسرائیلی جنایات اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف کردار ادا کرے اور اسرائیل کو خطے کو غیر مستقلم کرنے والی کارروائیوں پر جوابدہ ٹھہرایا جائے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے لئے شام کی خودمختاری اور علاقائی سلیت کے تحفظ کا حامی ہے۔

بقیہ 6

جاری ترقیاتی اور انفراسٹرکچر منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اسحاق ڈار نے اجلاس کی جنارایں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام انتظامات مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں اور ایس ای او اجلاس کیلئے اعلیٰ معیار کے انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار کی 2027 میں شیخوپورہ میں منعقدہ تنظیم کے اجلاس کی کامیاب میزبانی کے لیے اس اوسٹ پروگرام، اجلاس کی کامیاب اور منظم میزبانی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط اور موثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ اسحاق ڈار نے ہدایت کی کہ اجلاس کی تیاریوں کے حوالے سے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ اور قریبی تعاون یقینی بنائیں تاکہ آگاہ کیا۔ اجلاس میں اعلیٰ حکام نے اجلاس کی ایس او سٹ 2027 کے انتظامات، ترقیاتی منصوبوں، انفراسٹرکچر اور دیگر متعلقہ امور پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں وزیراعظم کے مشیر برائے داخلہ طارق باجوہ، سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ، سیکرٹری داخلہ احمد رضا سرور سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 7

شب کوئٹہ کراچی میں قومی شاہراہ N-25 پر آم کمشنر کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث ٹرالر اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق افراد کی شناخت محمد اکرم اور محمد علی ساکنان لاکھڑا بلوچ کے ناموں سے بتائی جاتی ہے۔ لاشوں کو ریسکیو سینٹر وندر کی ایمبولینس کے ذریعے ریسکیو سینٹر وندر منتقل کیا گیا۔ وندر پولیس نے مقدمے کی ضروری کارروائی کے بعد دونوں لاشیں ورثا کے حوالے کر دیں۔

بقیہ 8

ملک نے فاقات کی ملاقات میں وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر اقتصادی امور احمد عرفان جیب، وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک اور رکن قومی اسمبلی عمر شہباز بھی شریک تھے۔ وزیر اعظم نے وزیر پیٹرولیم بلال پرویز ملک کی اظہار کی پیشقیمت اور آسمل رہائیز پر مذاکرات کی رپورٹ کی بابت کی اور کہا کہ کوذیر پیٹرولیم کراچی جاکر مقامی طور پر تیار کردہ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے اقدامات یقینی بنائیں۔ کہا کہ کوذیر کی مقدار کا زیادہ تر حصہ مقامی ریفائنریز میں تیار ہوتا ہے، اسکی قیمتوں میں کمی کیلئے وزیر پیٹرولیم بذات خود ریفائنریز سے مذاکرات کو بطلد از جلد مکمل کریں، جس قدر ممکن ہو عوام تک فوری ریلیف پہنچایا جائے۔

بقیہ 9

سہولت فراہم کی گئی ہے۔ بینک کارڈ کے ذریعے 2 ہزار 8 آن لائن ٹرانزیکشن جبکہ موبائل لنک PSID کے ذریعے 4 ہزار 615 ٹرانزیکشن مکمل کیا گیا ہے۔ سہان ہوگئیں، 6761 مانیٹرنگ ٹیم نے بذریعہ ڈیجیٹل چالان حبیب بینک میں رقوم جمع کروائیں۔ مجموعی طور پر 13 ہزار 260 عازمین نے 8.703 ملین سے زائد جمع کروادیے ہیں، شارٹ فال 5 ہزار عازمین کی ادائیگیاں مکمل ہو چکی ہیں۔

بقیہ 10

میں کوئی درخواست دائر کی جاتی ہے تو چوتھا ہی چار چھوڑن لگ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی چیز نہیں کہ سپریم کورٹ کے حکم پر آج یا کل تک عملدآمد نہ ہو، خان صاحب کو سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق شفاء انٹیگریٹڈ ہسپتال مکمل کیا جائے گا۔ سہان اکرم رہنے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ ان حالات میں توہین عدالت کرے گی، اگر حکومت کو توہین عدالت کرنی ہے تو پاکستان کیلئے ایک کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آواز دور دراز تک جا رہی ہے اور حکومت توہین عدالت کے لئے تیار ہے، شارٹ فال کے سامنے یہ سلامت رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم کی کمپنیوں کے سامنے ہم مکالمے کے آغاز کریں، انہوں نے انتہائی اصلاحات کی بات بھی رکھی، میں نے انہیں کہا کہ پالی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے کوئٹہ سے کوہستان تک پالی پی ٹی آئی کے حوالے سے سپریم کورٹ کے حکم پر کوئی بات نہیں ہوئی۔

بقیہ 11

شہید اور 15 زخمی ہو گئے۔ غزہ کی وزارت داخلہ نے اسرائیلی جیلے کی مذمت کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ اسرائیل جان بوجھ کر پولیس فورس کو نشانہ بنا رہا ہے تاکہ قصور علاقے میں بدامنی اور افراتفری پھیلائی جاسکے۔ پولیس میں مزید کہا گیا ہے کہ اسرائیلی جیلے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکار جنگ کے دوران شہریوں کی حفاظت اور بنیادی نظم و نسق برقرار رکھنے کی کوشش کر رہے تھے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ جیلے میں دہشت گردوں کا ہر گروہ کا نشانہ بنایا گیا جو اسرائیلی سرزمین اور یہودی آبادکاروں پر حملے میں ملوث ہے۔ خیال رہے کہ اسرائیلی کامرہ میں حماس کے زیر انتظام پولیس فورس کے بعض اہلکار کو سخ عظیم سے وابستہ قرار دے رہے ہیں جبکہ فلسطینی حکام قیدی کو قانونی سہولیات دینے پر بھی اعتراض ظاہر کر رہے ہیں۔ پولیس کے ترجمان نے کہا کہ ہم

بقیہ 1

دلیل کے ہماری بلدیاتی آئینی ترمیم کی مخالفت کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ جو بھی کراچی کو وفاق کا حصہ بنانے یا نئے انتظامی یونٹس کی بات کرے گا، ہم اس کا ساتھ دیں گے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ 18 سالوں میں سندھ کے لئے مختص 2263 ارب روپے سندھ کے اضلاع تک پہنچنے کے بجائے صوبائی حکمرانوں نے ہڑپ کر لئے ،جس سے کشمور سے کراچی تک صرف تباہی پھیلی ہے۔مصطفیٰ کمال نے خبردار کیا کہ جب ترقیاتی کام نہ ہونے اور کرپشن کی وجہ سے محرومی بڑھتی ہے تو لوگ صوبائی یا وفاقی حکومتوں سے نہیں بلکہ ریاست سے ناراض ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب ایسے لوگ ہتھیار اٹھاتے ہیں تو یہی سیاسی جماعتیں فوج کو بلاتی ہیں، جس سے ملک میں غدار پیدا ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے شہری سندھ کے عوام کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا، تو ہم ان کی حکمرانی قائم رکھنے کے لیے ان کا ساتھ کیوں دیں؟۔ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما نے واضح کیا کہ ہماری پارٹی میں اندرونی اختلافات ہو سکتے ہیں، لیکن سندھ حکومت کی کارکردگی اور بلدیاتی نظام پر ہم سب ایک ہیں۔انہوں نے کہا کہ محسن نقوی کی بات کی ڈی جی آئی ایس پی آر نے تائید کی تھی، اگر پیپلز پارٹی میں ہمت ہے تو وہ ان کے خلاف بیان دے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اب صورتحال اس نہج پر آ گئی ہے کہ یا تو ملک بچالو یا کسی جماعت کی ناراضگی دیکھ لو۔آج مسائل کے حل کا فارمولہ ایک ہی ہے کہ نئے انتظامی یونٹس قائم کیے جائیں اور بلدیاتی نظام کو بااختیار بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر کراچی اور شہری سندھ کے عوام کو ہر حال میں مرنا ہی ہے،تو یہ بات آئین میں لکھوا دو تا کہ ہمیں صبر آ جائے۔اب فیصلہ کن مرحلہ آ چکا ہے اور ملک کو بچانا ہوگا۔

بقیہ 2

مصروف اداروں کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ قدرتی آفات، بحرانوں اور ہنگامی حالات میں امدادی کارکنان کا کردار قابلِ تحسین ہے، وہ متاثرین کو بروقت مدد اور سہارا فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے سماجی کارکنان، طبی عملے، چائلڈ پروٹیکشن ورکرز اور انسانی حقوق کے کارکنان کی خدمات کو بھی قابلِ ستائش قرار دیتے ہوئے کہا کہ بحرانوں میں کسی فرد کو بے یارومددگار نہ چھوڑنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پاکستان انسانی ہمدردی، احترام انسانیت اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم پر قائم ہے، امدادی کارکنان معاشروں کو بحرانوں کا مقابلہ کرنے اور ان کے اثرات سے نکلنے میں مدد دیتے ہیں۔صدر آصف زرداری کا کہنا تھا کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر انسانی ہمدردی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور آئینِ پاکستان و انسانی حقوق کے معاہدوں کے تحت ہر فرد کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔دوسری جانب وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر جذبہ خدمتِ خلق، انسانی ہمدردی، انسانی عزت و وقار اور یکجہتی جیسی مثبت اقدار سے اپنی وابستگی کے عزم کی تجدید کرتا ہے۔وزیراعظم نے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لئے اپنی زندگی وقف کرنے والے خدمت گاروں، اداروں اور تنظیموں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ عالمی یوم انسانیت ہر سال ان 22 انسانیت کے خدمت گاروں کی یاد میں منایا جاتا ہے جو 2003 میں عراق میں اقوام متحدہ کے دفتر پر بم دھماکے میں جاں بحق ہوئے

بقیہ 3

زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز افغانستان میں ہندوکش ریجن تھا جبکہ زلزلے کا مرکز زیرزمین 187 کلومیٹر گہرائی میں تھا۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کے جھٹکے پشاور، اسلام آباد اور اس سے ملحقہ علاقوں میں محسوس کیے گئے۔

بقیہ 4

نے آبنائے ہرمز میں زیرِ سمندر فائبر آپٹک کیبلز کو نشانہ بنانے کے آپشن پر بھی غور کیا ہے،ایران کا ردعمل واشنگٹن کے اقدامات پر منحصر ہوگا۔

بقیہ 5

کرنے کیلئے وزارت آئی ٹی اور میٹا کے مابین مشترکہ تربیتی پروگرام کا آغاز ہوگیا ہے۔اس پروگرام کے تحت اسمال بزنس گروتھ اکیڈمی کے تحت 9 شہروں میں ایک ہزار سے زائد کاروباری افراد کو اے آئی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی تربیت دی جائے گی۔ تربیتی پروگرام کا خصوصی فوکس خواتین کی قیادت میں چلنے والے کاروباروں، ٹیکسٹائل، دستکاری اور آئی ٹی سروسز کے شعبوں پر ہوگا۔پروگرام کے ذریعے کاروباری افراد کو آن لائن صارفین تک رسائی، بہتر مارکیٹنگ اور کسٹمر سروسز کیلئے اے آئی ٹولز سکھائے جائیں گے۔ساتھ ساتھ اسمال بزنس گروتھ اکیڈمی کے تحت ملک بھر میں ورکشاپس اور آن لائن ٹریننگ سیشنز کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔پاکستان کا یہ اقدام میٹا کے ایشیا پیسیفک خطے کے 12 ممالک پر مشتمل وسیع تر اسمال بزنس ٹریننگ پروگرام کا حصہ ہے۔اے آئی اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ سے پاکستانی کاروباری اداروں کو ملکی و عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھانے میں مدد ملے گی۔ڈیجیٹل مہارتوں اور اے آئی ٹیکنالوجی کا فروغ پاکستان میں چھوٹے کاروباری اداروں کو جدید معیشت سے جوڑنے کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ 6

کی رضامندی کی صورت میں صوبوں سے زرعی انکم ٹیکس کے لیے فلکسڈ سکیم پر بات چیت کی جائے گی، اس سلسلے میں زرعی شعبے کے لئے فی ایکڑ 5 ہزار روپے تک انکم ٹیکس عائد کرنے کی تجویز پر غور کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تاجروں کی طرز پر کاشت کاروں اور زمینداروں کیلئے بھی اکتوبر میں فکس ٹیکس سکیم متعارف کرانے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی جانب سے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی میں مسلسل تاخیر پر تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے،جس کے باعث حکومت صوبوں کے ساتھ مل کر مقررہ اہداف کے حصول کے لئے مختلف آپشنز پر غور کر رہی ہے۔حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کے حوالے سے حتمی فیصلہ صوبوں سے موصول ہونے والے گوشواروں اور وصولی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد کیا جائے گا۔

بقیہ 7

گودام پر چھاپہ مار کر کھاد کی متعدد بوریاں ضبط کرلیں اور گودام کو مکمل طور پر سیل کر دیا۔اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت خالد چنا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں کھاد کی بلیک مارکیٹنگ اور ذخیرہ اندوزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسانوں کو کھاد کی باآسانی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایسی کارروائیوں کا سلسلہ آئندہ بھی بلاتفریق جاری رہے گا۔

بقیہ 8

وارکر کے بے دردی سے قتل کیا۔مقتول کی شناخت خالد حسین کھوکھر کے نام سے ہوئی ہے جو گوٹھ پیارا خان عمرانی کا رہائشی تھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے لیا اور ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے واقعے کی مختلف پہلوں سے تحقیقات اور ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 9

دورہ کیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر حب, ڈی ایس پی اور انجمنِ تاجران کے نمائندے بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر حب نے شہر کے مختلف بازاروں، تجارتی مراکز اور مین آر سی ڈی روڈ کا دورہ کرتے ہوئے دکانوں اور کاروباری مراکز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف اشیائے ضروریہ کے نرخوں، سرکاری ریٹ لسٹ کی موجودگی اور اس پر عملدرآمد کا جائزہ لیا جبکہ دکانداروں کی جانب سے مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کا بھی موقع پر معائنہ کیا دورے کے دوران سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے بعض دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے اور انہیں واضح ہدایت کی گئی کہ عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فراہم کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو بھی ہدایت کی کہ گرانفروشی، ناجائز منافع خوری اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے ڈپٹی کمشنر نے مین آر سی ڈی روڈ اور بازار کے مختلف حصوں میں قائم تجاوزات کا بھی معائنہ کیا اور دکانداروں کو ہدایت کی کہ اپنی دکانوں کے سامنے اور سڑک وفٹ پاتھ پر قائم تمام غیر قانونی تجاوزات فوری طور پر ختم کریں تا کہ شہریوں کی آمدورفت میں آسانی پیدا ہو اور ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اس موقع پر مین آر سی ڈی روڈ کے اطراف قائم ایرانی پٹرول وڈیزل کے غیر مجاز مراکز اور دیگر تجاوزات کا بھی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر حب نے متعلقہ دکانداروں اور ایرانی فیول یونٹس کے منتظمین کو ہدایت کی کہ وہ 24 گھنٹوں کے اندر رضا کارانہ طور پر اپنی غیر قانونی تنصیبات اور تجاوزات ہٹا کر متبادل مناسب جگہ پر منتقل ہوں انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ مدت کے اندر رضا کارانہ طور پر عملدرآمد نہ کرنے کی صورت میں اسسٹنٹ کمشنر حب اور پولیس کو قانون کے مطابق کارروائی کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہری سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی مقامات پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی تعمیرات، تجاوزات یا کاروباری سرگرمیوں کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ڈپٹی کمشنر حب نے اسسٹنٹ کمشنر حب اور پولیس حکام کو ہدایت کی کہ بازاروں اور مین آر سی ڈی روڈ پر تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور خلاف ورزی کی صورت میں فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے انجمنِ تاجران کے نمائندوں پر بھی زور دیا کہ وہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے تاجروں کو مقررہ نرخوں کی پابندی، تجاوزات کے خاتمے اور شہری نظم و ضبط برقرار رکھنے کے حوالے سے اپنا کردار ادا کریں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد تاجروں کے کاروبار میں غیر ضروری رکاوٹ پیدا کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو بنیادی سہولیات، مناسب نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی، صاف ستھرا ماحول اور محفوظ و رواں ٹریفک نظام فراہم کرنا ہے۔اس مقصد کے لیے انتظامیہ اور تاجر برادری کو باہمی تعاون سے کام کرنا ہوگا۔

بقیہ 10

مثالی ہیلتھ پروفیشنل بننے کیلئے پیشہ ورانہ لگن، محنت اور جدید ریسرچ سے خود کو ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے، حکومت صحت کے شعبے میں جدت اور ریسرچ کو فروغ دینے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی تا کہ پاکستان صحت کے شعبے میں خود کفیل بن سکے، جدید ریسرچ اور ٹیکنالوجی ہی قومی ترقی کی ضامن ہے،ڈاکٹر زکو بین الاقوامی ریسرچ اور ٹیکنالوجی سے جوڑ کر ہی ہم عالمی سطح پر اپنا مقام بہتر بنا سکتے ہیں کیونکہ طب کا مستقبل ریسرچ اور جدید تدریسی طریقوں سے وابستہ ہے۔اس موقع پر پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ ولاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد فاروق افضل نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل ایجوکیشن میں جدت لائے بغیر بین الاقوامی معیار کے معالجین تیار نہیں کیے جاسکتے ،امیر الدین میڈیکل کالج، پی جی ایم آئی ہمیشہ سے طبی تعلیم میں نئے تجربات کا علمبردار رہا ہے اور طلبہ کو کلاس روم سے نکال کر کلینیکل اور ریسرچ ہیڈ لرننگ کی طرف لانا ہماری اولین ترجیح ہے۔شرکا نے کہا کہ پاکستان کو درپیش صحت کے مسائل جیسے ہیپاٹائٹس، ذیابیطس، دل کے امراض اور زچہ و بچہ کی صحت کے لیے مقامی ڈیٹا پر مبنی تحقیق ناگزیر ہے، میڈیکل کالجز میں اسٹوڈنٹ ریسرچ سوسائٹیز، ریسرچ یونٹس اور انسٹی ٹیوشنل کمیٹیز کو فعال کرنے کی تجویز دی گئی، مقررین نے حکومت اور نجی شعبے سے اپیل کی کہ نوجوان محققین کو گرانٹس، فنڈنگ اور سالانہ ریسرچ جرنلز کی اشاعت کے مواقع فراہم کیے جائیں۔تقریب کے اختتام پر شاندار خدمات اور مقالات پیش کرنے پر مہمانوں اور شرکا میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے، کانفرنس میں فیکلٹی ممبران، سینئر پروفیسرز اور طلبہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 11

۔علاقہ مکینوں کے مطابق عرصہ دراز سے چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی وارداتوں نے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر رکھا ہے، جبکہ شریف اور پرامن شہری اپنی جان و مال کے تحفظ کے لیے پریشان ہیں۔متاثرین کا کہنا ہے کہ آئے روز ہونے والی مبینہ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں اور بعض متاثرہ افراد انصاف اور تحفظ کے حصول کے لیے قرآن پاک اٹھانے پر مجبور ہیں۔علاقہ مکینوں اور متاثرین نے ایس ایس پی نصیر آباد اور ڈی آئی جی نصیر آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ منگولی کی حدود میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور جرائم کی وارداتوں کا فوری نوٹس لیا جائے، پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔شہریوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنائی جائے تا کہ عوام بلاخوف اپنی روزمرہ زندگی گزار سکیں۔

بقیہ 12

نے سرپرہ ہاس کردگاپ میں علاقے کے قبائلی معتبرین معززین اور عمائدین سے اہم ملاقات کی جس میں قبائلی امور عوامی مسائل اور علاقے میں جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبوں سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر علاقائی معتبرین و معززین نے علاقے کو درپیش بنیادی مسائل عوامی ضروریات اور ترقیاتی ترجیحات سے ڈسٹرکٹ چیئرمین کو آگاہ کیا جبکہ قبائلی یکجہتی، باہمی اتحاد و اتفاق اور علاقے میں پائیدار ترقی کے حوالے سے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ڈسٹرکٹ چیئرمین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرہ نے معززین کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور تجاویز کو غور سے سنا اور یقین دلایا کہ عوامی فلاح و بہبود اور علاقے کی ترقی کے لیے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں مقامی ضروریات اور عوامی مفادات کو ترجیح دی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ علاقے کی تعمیر و ترقی عوامی مسائل کے حل اور خوشحالی کے لیے علاقائی معتبرین عمائدین اور عوام کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ قبائلی روایات، بھائی چارے، باہمی احترام اور اتحاد و اتفاق کو فروغ دے کر اجتماعی طور پر علاقے کی بہتری کے لیے موثر حکمتِ عملی اپنائی جائے گی۔ملاقات کے اختتام پر علاقائی معتبرین نے ڈسٹرکٹ چیئرمین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرہ کی جانب سے قبائلی رنجشوں کے خاتمے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 13

مسرت ہے کہ قیوم بلوچ جیسے تجربہ کار اور متحرک صحافی کو بلوچستان میڈیا فورم کی صوبائی قیادت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ عبدالقیوم بلوچ ایک منجھے ہوئے اور دلیر صحافی ہیں، جن کے بلوچستان کے عوام کے ساتھ دیرینہ اور مضبوط روابط ہیں۔ وہ بلوچستان کے مقامی حالات اور سیاسی معاملات کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔اور ماضی میں خود بھی پیپلز پارٹی کے انفارمیشن سیکرٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ وہ اپنی جانب سے اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی جانب سے قیوم بلوچ اور ان کی پوری کابینہ کو بلوچستان میڈیا فورم کے نومنتخب عہدیداران کی حیثیت سے دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ نئی کابینہ صحافی برادری کے مسائل کے حل اور بلوچستان کے عوام کی آواز مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 14

اور 5 زندہ راؤنڈز برآمد ہوئے۔دورانِ تفتیش ملزم نے لالہ زار کرش کے مقام پر ڈکیتی کی مزید دو وارداتوں میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ملوث ہونے کا انکشاف کیا۔دوسری جانب تھانہ سٹی پولیس نے پولیس مقابلے کے دوران ڈکیتی، دھوکہ دہی اور چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ ایک ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ ہنڈا 125 موٹر سائیکل بھی برآمد کرلی گئی۔ ولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔

بقیہ 15

کر کے فرار ہوگئے۔ متاثرہ شخص کی جانب سے انصاف اور دادرسی کے لیے پولیس سے رجوع کیا گیا،مگر مبینہ طور پر خاطر خواہ کارروائی نہ ہونے پر وہ شدید مایوسی کا شکار ہوگیا۔متاثرہ شخص نے انصاف کے حصول کے لیے قرآن پاک اٹھا کر اپنی فریاد عوام اور متعلقہ حکام تک پہنچانے کی کوشش کی، جس پر علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔عوامی حلقوں نے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس تھانہ منگولی کی حدود میں چوری اور دیگر جرائم کے واقعات روزانہ کی بنیاد پر پیش آنے کی شکایات سامنے آتی رہتی ہیں، جس سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی نصیر آباد ایس ایس پی نصیر آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر متاثرہ شخص کی شکایت پر شفاف تحقیقات کی جائیں، مبینہ چوری میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے رقم برآمد کی جائے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 16

منتظم یونیفیف، قادر بخش کی جانب سے فراہم کیا گیا۔اس سرگرمی کے تحت پرائمری سطح کے طلبہ کو اساتذہ کی رہنمائی میں باقاعدگی سے صاف، واضح، خوبصورت اور دلکش لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ اس دوران حروف کی درست ساخت، الفاظ کے درمیان مناسب فاصلہ، سطروں کی درست ترتیب، صفائی، خوبصورتی اور لکھنے کی رفتار پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔اسکول انتظامیہ کے مطابق اچھی اور خوبصورت لکھائی طلبہ کی تعلیمی نشوونما کا ایک اہم حصہ ہے۔خطاطی کی باقاعدہ مشق سے طلبہ میں خود اعتمادی، نظم وضبط، صبر، مستقل مزاجی اور سیکھنے کے عمل کے بارے میں مثبت رویہ پیدا ہوگا۔

بقیہ 17

شہر کے متعدد علاقوں میں صورتحال یہ ہے کہ مقررہ اوقات میں بھی گیس دستیاب نہیں ہوتی، جبکہ کئی علاقوں میں گیس مکمل طور پر غائب ہے۔انہوں نے کہا کہ گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں، خواتین کو کھانا پکانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے اور شہری متبادل ایندھن کے استعمال پر مجبور ہیں، جس سے ان کے گھریلو اخراجات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ دوسری جانب ہوٹلوں، ریسٹورنٹس، تندوروں اور دیگر کاروباری مراکز کو بھی گیس کی عدم دستیابی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔کاشف حیدری نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ شہری مسلسل شکایات اور احتجاج کے باوجود متعلقہ گیس کمپنی کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔عوام کئی دنوں سے گیس کی فراہمی، کم پریشر اور بندش کے مسائل کی نشاندہی کر رہے ہیں، مگر ان کے مستقل حل کے لیے کوئی موثر عملی اقدام نظر نہیں آ رہا۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا دارالحکومت ہے اور یہاں کے شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔گیس کی فراہمی میں مزید کمی کے بجائے فوری طور پر شہر کے تمام علاقوں میں بلاتعطل اور مناسب پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ترجمان نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ گیس کمپنی کوئٹہ کے تمام متاثرہ علاقوں میں گیس کی صورتحال کا فوری جائزہ لے، کم پریشر اور مکمل بندش کا خاتمہ کرے اور گیس فراہمی کے اوقات میں کمی کا فیصلہ واپس لیا جائے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر عوام کو درپیش اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو تاجر برادری عوام کے ساتھ مل کر احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔

بقیہ 18

جج خاران عنایت اللہ خان کاکڑ کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی تعینات کردیا گیا، جبکہ امید علی بلوچ کو قائم مقام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خاران مقرر کیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق محمد نعیم داوی کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون حب سے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فور کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے۔محمد یوسف بلوچ کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج دالبندین سے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون حب تعینات کردیا گیا ہے۔تقرریوں اور تبادلوں کا اطلاق جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔

بقیہ 19

تفصیل کے مطابق کراچی کے علاقے سی ویو میں ایک اپارٹمنٹ کی پارکنگ سے گاڑی کے اندر سے دو افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ایس ایس پی ساؤتھ مہزور علی نے بتایا کہ دونوں لاشیں اپارٹمنٹ کے گیراج میں کھڑی ایک گاڑی سے برآمد ہوئیں، جو دونوں مردوں کی ہیں۔مہزور علی نے کہا کہ لاشوں کی حالت انتہائی خراب ہے اور بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دونوں افراد کافی عرصے سے گاڑی کے اندر موجود تھے۔پولیس کا کہنا تھا کہ گاڑی کے باہر ایک شخص کی دو چپلیں بھی موجود تھیں، جبکہ گاڑی کے اندر سے ملنے والے دونوں افراد نے شلوار قمیض پہن رکھی تھی۔حکام نے مزید بتایا کہ جس گاڑی سے لاشیں برآمد ہوئیں وہ تسلیم زہرہ کے نام پر رجسٹرڈ ہے۔تاہم پولیس اور کرائم سین یونٹ نے جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھیکر لئے ہیں، جبکہ مزید قانونی اور تفتیشی کارروائی جاری ہے۔پولیس کے مطابق ایک شخص کی شناخت 34 سالہ اسداللہ کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ دوسرے شخص کی شناخت کے لئے کارروائی جاری ہے۔ابتدائی معلومات کے مطابق دونوں افراد کی موت دم گھٹنے کے باعث ہوئی، تاہم پولیس کا کہنا ہے کہ موت کی حتمی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آنے کے بعد ہی معلوم ہوسکے گی۔شواہد اکٹھے کرنے کے بعد دونوں لاشوں کو مزید قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کیلئے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔دریں اثنا قائد آباد لانڈھی اسپتال چورنگی شادی ہال کے قریب نالے سے بوری میں بند 7 سے 8 سالہ بچی کی برہنہ حالت میں لاش برآمد ہوئی ہے۔پولیس حکام کے مطابق ایک بچی کی گمشدگی کی رپورٹ اور مقدمہ بھی درج ہے۔پولیس کی جانب سے لاپتا بچی کے اہلخانہ کو طلب کیا گیا ہے تا کہ بچی کی شناخت ممکن ہوسکے۔

بقیہ 20

پینٹا گون کے عہدیدار کا کہنا ہے کہ امریکا نے جنوبی کوریا کے ساتھ فوجی مشقوں میں نمایاں کمی کردی ہے اور اب مشقیں طے شدہ وقت سے ایک ہفتہ قبل مکمل ہوں گی۔پینٹا گون عہدیدار کے مطابق مشقوں کے دورانیے میں تبدیلی کے باوجود فوجی تیاری اور تربیتی اہداف برقرار رہیں گے۔امریکا کی جانب سے فوجی مشقیں طے شدہ وقت سے پہلے ختم کرنے پر ردعمل دیتے ہوئے جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ نے کہا کہ جنوبی کوریا اور امریکی حکام کو ٹرمپ کے فیصلے کا پہلے سے علم نہیں تھا۔دوسری جانب امریکا کی جانب سے جنوبی کوریا کے ساتھ فوجی مشقیں طے شدہ وقت سے ایک ہفتہ قبل ختم کرنے کے فیصلے پر جنوبی کوریا کے وزیرِ خارجہ چوہیون نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے فوجی مشقیں کم کرنے کے حکم میں بظاہر سیول کو ایران جنگ میں شامل ہونے کے لئے دباؤ کا پیغام بھی شامل ہے۔چو ہیون نے پارلیمانی سماعت کے دوران بتایا کہ جنوبی کوریا اور نہ ہی امریکی حکام کو پیشگی طور پر مشقیں محدود کرنے سے متعلق ٹرمپ کے فیصلے کا علم تھا۔

بقیہ 21

کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ اصفہان کے علاقے کو ہیاپیہ میں سولر پاور پلانٹ کی تعمیر کا سنگِ بنیاد جلد رکھا جائے گا۔اصفہان گورنر ہاؤس کے انرجی ڈیسک کے سربراہ ابراہیم کریمی نے بتایا کہ منصوبے پر کام جلد شروع ہوگا۔منصوبہ تین مرحلوں میں مکمل کیا جائے گا، جن میں دو مرحلے 2، 2 ہزار میگاواٹ جبکہ تیسرا مرحلہ ایک ہزار میگاواٹ کا ہوگا۔اصفہان کے گورنر مہدی جمالی نژاد کے مطابق منصوبہ مکمل ہونے کے بعد یہ دنیا کا سب سے بڑا سولر پاور پلانٹ بن جائے گا۔ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ چین اور بھارت میں اس وقت دنیا کے بڑے سولر پاور پلانٹس موجود ہیں تاہم اصفہان کا 5 ہزار میگاواٹ کا منصوبہ نصب شدہ پیداواری صلاحیت کے اعتبار سے ان سے بڑا ہوگا۔مقامی حکام کے اندازے کے مطابق منصوبہ مکمل طور پر فعال ہونے کے بعد ایران کی ماہانہ بجلی کی طلب کا تقریباً 10 فیصد پورا کرنے کی صلاحیت رکھے گا، جس سے ملک میں جاری بجلی کے بحران میں بھی نمایاں کمی آنے کی توقع ہے۔ایران کے پارلیمانی ریسرچ سینٹر کے مطابق رواں سال موسم گرما میں بجلی کی طلب عروج پر پہنچنے کے دوران ملک کو تقریباً 13.6 گیگاواٹ بجلی کی کمی کا سامنا ہے۔حکام کے مطابق قومی گرڈ میں 5 گیگاواٹ شمسی بجلی شامل ہونے سے بجلی کی قلت میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے اور لوڈشیڈنگ میں تقریباً نصف تک کمی ممکن ہے۔ایران نے حالیہ برسوں میں بجلی کی بار بار پیدا ہونے والی قلت پر قابو پانے اور توانائی کے شعبے میں شمسی بجلی کا حصہ بڑھانے کے لیے قابلِ تجدید توانائی میں سرمایہ کاری تیز کردی ہے۔حکام کے مطابق اصفہان کا منصوبہ مقررہ صلاحیت کے مطابق مکمل ہونے کی صورت میں ایران کی قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری میں شامل ہوگا اور ملک کو بڑے پیمانے پر سولر بجلی پیدا کرنے والے نمایاں ممالک میں شامل کرسکتا ہے۔

بقیہ 22

وائس چانسلر نے یونیورسٹی کے لیے بس سمیت دیگر ضروریات سے آگاہ کیا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ یونیورسٹی کی ضروریات کے حل کے لیے گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کر کے بھرپور کوشش کی جائے گی۔بعد ازاں انہوں نے بوائز و گرلز ڈگری کالجز کا دورہ کیا اور کلاس رومز میں طلباء و طالبات کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں اور اسٹاف کی حاضری کا جائزہ لیا۔ بوائز کالج میں طلبہ کی بہتر حاضری کو سراہتے ہوئے انہوں نے غیر حاضر طلبہ کو دوبارہ تعلیمی سرگرمیوں میں شامل کرنے پر زور دیا، جبکہ گرلز کالج میں تعلیمی کارکردگی اور انتظامی امور پر اطمینان کا اظہار کیا رکن صوبائی اسمبلی نے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی سے رابطہ کر کے گرلز ڈگری کالج کی کارکردگی اور تعلیمی ضروریات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر کالج کی جانب سے پہلی مرتبہ شائع کیے گئے میگزین کی کاپی بھی انہیں پیش کی گئی۔مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گوادر میں معیاری تعلیم، طلباء و طالبات کی باقاعدہ حاضری اور تعلیمی اداروں کو درکار سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن سطح پر آواز اٹھائی جائے گی۔

بقیہ 23

۔فاروق ستار کا کہنا تھا 80 سال سے پاکستان میں ایک سٹیٹس کو اور جمود ہے، بڑے صوبوں سے پاکستان کو استحکام اور ترقی نہیں مل سکتی، اب فیصلہ ساز اداروں میں بھی صوبوں کے قیام کی بات ہو رہی ہے۔رکن قومی اسمبلی کا کہنا تھا آئین کی کوئی شق صوبے بنانے میں رکاوٹ ہے تو اسے دور کیا جائے، چار صوبوں کی اجارہ داری سے اب پاکستان نہیں چلے گا۔

بقیہ 24

رشوت، سفارش اور اقربا پروری کیخلاف نوجوانوں کا کردار اہم ہے، نیب بلوچستان

اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا گیا یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں

طلبہ دیانتداری اور احتساب کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں، ڈپٹی ڈائریکٹریٹ لیڈرز اور ڈیبیٹ سکول اینڈ کالج میں کرپشن کے خاتمے میں طلبہ کا کردار اہم ہے

کوئٹہ (اے این این) نیب بلوچستان کا لیڈرز اور ڈیبیٹ سکول اینڈ کالج کے زیر اہتمام "کرپشن کے خاتمے میں طلبا کا کردار" کے موضوع پر آگاہی سیشن کا انعقاد ہوا۔ سیشن کا مقصد طلبا کو بدعنوانی کے خلاف جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں، نیب بلوچستان نے لیڈرز اور ڈیبیٹ سکول اینڈ کالج کوئٹہ میں "بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار" کے موضوع پر آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ سیشن کا بنیادی مقصد نوجوانوں بالخصوص طلبا کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ نیب بلوچستان کی جانب سے فرحان یوسف خان ڈپٹی ڈائریکٹریٹ نے طلباء اور فیکلٹی کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے نیب کے وژن میں اور بدعنوانی کے لعنت کے خاتمے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

حکومت کا ٹی ایم ایس پی کے مستحقین کو رواں سال ڈیجیٹل والٹس فراہم کرنے کا اعلان

ڈیجیٹل بینکنگ صارفین کی تعداد 13 کروڑ 70 لاکھ تک پہنچ گئی ہے، وزیر مملکت خزانہ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بی این ایم) حکومت نے بینظیر کفالت پروگرام (بی آئی ایس پی) کے تمام مستحقین کو رواں سال ڈیجیٹل والٹس فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے، جس کے ذریعے وہ رقم وصول کر سکیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل سہولیات سے بھی فائدہ اٹھا سکیں گے۔ یہ بات وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے

آزاد کشمیر اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخاب، کاغذات نامزدگی کل جمع ہوں گے

مظفر آباد (بی این ایم) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخاب کے لیے کاغذات نامزدگی کل 20 اگست جمع ہوں گے۔ شیڈول کے مطابق امیدوار 20 اگست کو صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کاغذات جمع کرا سکیں گے، جبکہ اسی روز کاغذات کی جانچ زوال کے بعد امیدواروں کی موجودگی میں کی جائے گی (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

عالمی یوم انسانیت، صدر مملکت اور وزیر اعظم کا امدادی کارکنان کو خراج تحسین

انسانی ہمدردی، خدمتِ خلق اور انسانی وقار کے تحفظ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے عالمی یوم انسانیت کے موقع پر اپنے پیغامات میں انسانی ہمدردی، خدمتِ خلق اور انسانی وقار کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے امدادی کارکنان اور انسانی خدمت میں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسلام آباد، پشاور اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 5.4 ریکارڈ

زلزلے کا مرکز افغانستان میں ہندوکش ریجن تھا، جبکہ زلزلے کا مرکز زمین 187 کلومیٹر گہرائی میں تھا

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد، پشاور اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور گردونواح میں کزشتہ شب زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ وفاقی ریکارڈ کی کل (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کشیدگی بڑھنے پر ایران یورپ میں امریکی اہداف پر حملے کرسکتا ہے، فنائشل ٹائمز کا دعویٰ

ایران یورپ میں امریکی فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کے آپشنز کا جائزہ لے چکا، برطانوی اخبار

لندن (بی این ایم) برطانوی اخبار فنائشل ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ تہران کی جانب سے صورت میں ایران یورپ میں امریکی اہداف پر حملے کرسکتا ہے۔ فنائشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق ایران یورپ میں امریکی فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کے آپشنز کا جائزہ لے چکا، بلخصوص اہداف میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایران (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

عمران خان کو ریلیف دینا ملکی اور آئینی تقاضے پورے کیے گئے ہیں، علامہ راشد سومرو

جنیک آباد (اے این این) جمعیت علما اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے کہا ہے کہ سندھ کی تنظیم کسی صورت میں قبول نہیں، عمران خان کے لیے عدالتی فیصلہ بہتر ہے ہر ایک کو قانونی اور آئینی حق اس کا حق ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن رواں ماہ سندھ کے اہم دورے پر آرہے ہیں، جہاں وہ مختلف تنظیمی، دینی اور عوامی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ مولانا فضل الرحمٰن (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

ملک میں موجود 32 ڈویژن ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنانے کیلئے آئیڈیل ہیں، مصطفیٰ کمال

پیپلز پارٹی میں ہمت ہے تو ڈی جی آئی ایس پی آر یاسر محسن نقوی کے خلاف بیان دے، ہم سے گلہ نہ کریں

اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ کوئی صوبہ یا اس کی سرحدیں کسی دوسرے صوبے میں ضم ہو رہی ہیں، وفاقی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں "مدعوعات کے خاتمے میں طلباء کے کردار اور ایک کا کا مکالمہ تقاریر کا" کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ سیشن کا بنیادی مقصد نوجوانوں بالخصوص طلبا کو بدعوعاتی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور بدعوعاتی سے پاک معاشرے کی

سکیورٹی فورسز کا پشین میں منشیات تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ

33 ہزار 600 کلوگرام کے قریب منشیات برآمد، موقع پر تلف، فیکٹری مسمار

کوئٹہ (بی این ایم) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں منشیات کی لعنت کے خاتمے کے لئے مہم کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے ضلع پشین کے علاقے بارہ میں منشیات تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ مار کر بڑی

مقدار میں منشیات برآمد کر لی۔ ریکارڈ کے مطابق فیکٹری سے تقریباً 33 ہزار 600 کلوگرام منشیات برآمد کر کے موقع پر تلف کر دی گئی جبکہ فیکٹری کو بھی مسمار کر دیا گیا۔ سکیورٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

حب میں پانی کی شدید قلت؛ صنعتی یونٹس بندش کے قریب اور کاشتکار مشکلات کا شکار

حب ضلع کو اس کے حصے کے 30 فیصد سے بھی کم پانی مل رہا ہے؛ ڈپٹی کمشنر جمعہ داد خان مندوخیل

حب (نامہ نگار) حب شہری آبادی، صنعت اور زراعت تینوں شعبے پانی کی شدید قلت سے متاثر ہو رہے ہیں پانی کی کمی کے باعث متعدد صنعتی یونٹس بندش کے قریب پہنچ چکے ہیں جبکہ بلوچستان کے حصے کا

جدید ریسرچ اور ٹیکنالوجی ہی قومی ترقی کی ضامن ہے، احسن اقبال

حکومت صحت کے شعبے میں جدت اور ریسرچ کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کریگی تاکہ پاکستان صحت کے شعبے میں خود کفیل بن سکے

ایک مثالی ہیلتھ پروفیشنل بننے کیلئے پیشہ ورانہ لگن، محنت اور جدید ریسرچ سے خود کو ہم آہنگ کرنا ناگزیر، وفاقی وزیر کا ریسرچ ایجوکیشن 2026 کانفرنس سے خطاب

لاہور (بی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ جدید ریسرچ اور ٹیکنالوجی ہی قومی ترقی کی ضامن ہے، بکھوست صحت کے شعبے میں جدت اور ریسرچ کے فروغ کیلئے ہرممکن تعاون فراہم کرے گی تاکہ پاکستان صحت کے شعبے میں خود کفیل بن کے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر الدین میڈیکل کالج میں ریسرچ اینڈ ایجوکیشن 2026 کانفرنس سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرتے

صوبائی وزیر معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے ٹریڈ یونین نمائندوں کی ملاقات

کوئٹہ (بی این ایم) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے اعلیٰ سطحی وفد نے صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے ملاقات کی، اس موقع پر چیف ایگزیکٹو مائنز محمد عاطف ہزارہ بھی موجود تھے۔ وفد میں عبدالستار، آصف شاہ، عجب خان، شاہنواز زہری، محمد اسد اور افسران سمیت ڈیپارٹمنٹ یونین نمائندے شامل تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مائنز (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

امریکا کی کھملوں کیلئے سرزمین دینے والے ممالک کو بھاری قیمت چکانا پڑے، ایرانی آرمی چیف

ان ممالک کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایران سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہتی، لیفٹیننٹ جنرل عبدالعلی

تہران (بی این ایم) ایرانی فوج نے کہا ہے کہ امریکا کھملوں کیلئے سرزمین دینے والے ممالک کو بھاری قیمت چکانا پڑیگی۔ ایرانی مسلح افواج کے چیف آف اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل علی عبدالعلی نے ایک بیان

ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل کا شہر کا دورہ، گرانفروشی اور تجاوزات کے خلاف کارروائی

میں آج ڈی سی روڈ اور بازار میں سرکاری ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں پر جرمانے عائد

حب (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا گرانفروشی اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کی تنصیبات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے

پولیس کی مختلف کارروائیاں، اسلحہ اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں کی جارہی ہیں، ایس ایس پی

کوئٹہ (اے این این) ڈسٹرکٹ پولیس حب نے ضلع کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مطلوب ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ کارروائیوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ، زندہ راؤنڈز اور چوری شدہ

بابا کوٹ، منگوچی میں سیلاب متاثرہ شخص کی این جی او سے ملی رقم مبینہ طور پر چوری

پیسے کی جانب سے ادرسی نہ ہونے پر متاثرہ شخص قرآن پاک اٹھا کر قسم کھانے پر مجبور، اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

بابا کوٹ (یو این این) تھیسرا باد پولیس تھانہ منگوچی کی حدود میں مبینہ طور پر چوری کا ایک افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں سیلاب متاثرہ شخص کی جا

کوئٹہ میں سیوریج کی ایک لائن بند ہونے سے شہری پریشان

کوئٹہ (اے این این) سیوریج کی ایک لائن بند ہونے سے شہری پریشان ہیں، اس اقدام کا مطالبہ ہے ہرگز نہیں کہ کوئی صوبہ یا اس کی سرحدیں کسی دوسرے صوبے میں ضم ہو رہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اب یہ بات طے ہو چکی ہے کہ ملک کو موجودہ نظام کے تحت نہیں چلایا جا سکتا۔ انہوں نے تجویز دی کہ ملک میں موجود 32 دو چار ایڈمنسٹریٹو

حکومت زرعی انکم ٹیکس پر آئی ایم ایف کو منانے کیلئے کوشاں

صوبوں سے زرعی انکم ٹیکس کے حوالے سے گوشوارے جمع کرانے کیلئے 30 ستمبر تک انتظار کیا جائے گا، ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (بی این ایم) حکومت کی جانب سے زرعی انکم ٹیکس کے معاملے پر آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کیلئے کوششیں تیز کر دی گئیں، صوبوں سے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے اعداد و پورے نہ ہونے کی صورت میں متبادل پلان تیار کیا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ نے ذرائع سے

مینا اور پاکستان کا چھوٹے کاروباروں کیلئے اے آئی تربیتی پروگرام کا آغاز

اسلام آباد (بی این ایم) مینا اور پاکستان کیلئے اے آئی تربیتی پروگرام کا آغاز ہوگیا۔ پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی کو تیز کرنے کی کوششوں کے تحت مینا اور پاکستان کیلئے اے آئی تربیتی پروگرام کا آغاز ہوگیا۔ پاکستان میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے فروغ کے کاروباری اداروں کو ڈیجیٹل تبدیلی کو تیز کرنے کے متعدد مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں چھوٹے کاروباری اداروں کو جدید دور سے ہم آہنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

حمزہ شہباز وزیر اعظم پیکج انفیرو ونگ کے سربراہ مقرر

اسلام آباد (بی این ایم) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کو وزیر اعظم پیکج انفیرو ونگ کا سربراہ مقرر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم ہاؤس میں حمزہ شہباز کی زیر صدارت پی ایم پیکج انفیرو ونگ اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر مملکت عبدالرحمان کانجو، ایم ڈی بیت المال، معاون خصوصی محمد علی کھوکھر کی شرکت کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے حوالے سے امور پر غور کیا گیا۔

صدر تھائے کی حدود سے نوجوان کی چھریوں کے وار سے مسخ شدہ لاش برآمد

مقتول کی شناخت خالد حسین کھوکھر کے نام سے ہوئی، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

اوستا محمد (یو این این) ضلع اوستا محمد کے صدر تھانے کی حدود سے ایک نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق نوجوان کو ہمعلوم افراد نے چھریوں کے پے در پے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

تھانہ منگوچی کی مبینہ ناقص کارکردگی کے باعث بدامنی اور جرائم میں مسلسل اضافہ

شہری جان و مال کے تحفظ کے لیے پریشان، اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

تھیسرا باد (یو این این) تھانہ منگوچی پولیس کی مبینہ بقص کارکردگی کے باعث علاقے میں بدامنی اور جرائم کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ ہوئے کی شکایات سامنے آرہی ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

ڈسٹرکٹ جیئر مین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرد کی علاقائی معتبرین و عمائدین سے اہم ملاقات

عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں پر مثالی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی، ڈسٹرکٹ جیئر مین

مستونگ (اے این این) ڈسٹرکٹ جیئر مین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرد کی علاقائی معتبرین و معززین سے اہم ملاقات۔ ڈسٹرکٹ جیئر مین سردار زادہ میر محمد قاسم سرپرد (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

ایران کی دنیا کا سب سے بڑا اسولر پلانٹ بنانے کا منصوبہ

5 ہزار میگاواٹ کا منصوبہ، 2.8 ارب ڈالر فی سرمایہ کاری متوقع

تہران (بی این ایم) ایران نے دنیا کا سب سے بڑا سولر پاور پلانٹ بنانے کا منصوبہ شروع کر دیا۔ ایران کے 5 ہزار میگاواٹ کا شمسی بجلی گھر تقریباً 6 ارب

اب فیصلہ ساز اداروں میں بھی صوبوں کے قیام کی بات ہو رہی ہے، فاروق ستار

قیام پاکستان کے بعد سے ملک میں ایک اسٹیس کو اور جمود ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بی این ایم) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما اور سوشو فرسٹ اسمبلی فاروق ستار نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد سے ملک میں ایک اسٹیس کو اور جمود ہے، بڑے صوبوں سے پاکستان کو ترقی اور استحکام نہیں مل سکا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

پاکستان میں غیر ہولناک صورتحال اختیار کر چکی ہے، اقوام متحدہ

63 فیصد لوگ صحت بخش خوراک خریدنے سے بھی قاصر ہیں مسئلہ صرف خوراک کی دستیابی کا نہیں عوام کی قوت خرید کا ہے

جنوبی ایشیا میں صحت بخش خوراک خریدنے کی صلاحیت رکھنے والے پاکستانیوں کی تعداد خطے میں سم ترین سطح پر ہے، رپورٹ

کراچی (بی این ایم) پاکستان میں بڑھتی مہنگائی اور تنگدستی میں کمی نے عوام کی پلیٹ سے متوازن غذا بھی چھین لی، 63 فیصد لوگ صحت بخش خوراک خریدنے سے بھی قاصر ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ صورتحال اقوام متحدہ کی انسٹیٹ آف فوڈ سیکیورٹی اینڈ

پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی ہمدردی کا عالمی دن منایا گیا

دن منانے کا مقصد ان لاکھوں امدادی کارکنوں اور رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے

لاہور (اے این این) بحران کوئی بھی ہو، انسانیت سے محروم ہے، دنیا بھر میں بدھ کو انسانی ہمدردی کا دن منایا گیا۔ دن منانے کا مقصد ان لاکھوں امدادی کارکنوں اور رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے جو جنگ، قدرتی آفات، بھوک اور بے گھر ہونے جیسے بحرانوں میں متاثرہ انسانوں تک مدد پہنچانے کیلئے اپنی جانیں بھی خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔ جنگ ہو یا قدرتی آفت، زلزلہ ہو یا سیلاب، بحران کی گھڑی میں سب سے پہلے ضرورت ہوتی ہے انسانیت کے ہمدرد کا ہاتھ ہی، یہی ہاتھ ہیومنیٹرین ورکرز دنیا بھر میں متاثرین تک پہنچاتے ہیں، انسانی امداد کا بنیادی مقصد کسی بھی تفریق کے بغیر ضرورت مند انسان تک بروقت مدد پہنچانا ہے۔ 19 اگست 2003 کو عراق کے دارالحکومت بغداد میں اقوام متحدہ کے دفتر پر بم حملے میں 22 امدادی کارکن جان سے گئے، اسی سانحے کی یاد میں 19 اگست کو "عالمی ہیومنیٹرین ڈے" منایا جاتا ہے۔ دنیا کو آج جنگوں (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

سکیورٹی کونسل کے رکن خیات اللہ خان کا کزن کا ایک ایپ کی مدد سے اغوا

کوئٹہ (کوئٹہ ایف سی) ایک ایپ کی مدد سے اغوا کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف سی کے مطابق ایک ایپ کی مدد سے اغوا کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف سی کے مطابق سکیورٹی کونسل کے رکن خیات اللہ خان کا کزن